میوزک = حسن لال بھگت رام

جی۔ پی۔ پروڈکشنز کا بہترین شاہکار

अदले-जहाँगीर

Good

عدل جہانگیر

ستارے

مینا کماری، درگا کھوٹے وغیرہ

پردیپ کمار، جیون، [illegible]

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو میوزک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

عدل جہانگیر کے گانے

نمبر ۱

اللہ تیری اللہ کرے رکھوالی
وہ ہے سارے جہاں کا والی
مالک کا دربار نرالا اسکے در پر آنے والا
کبھی نہ جائے خالی کبھی نہ جائے خالی — اللہ تیری...
وہ ہے سارے جہاں کا والی
طوفانوں سے کبھی نہ ڈر تو رکھ اسکی رحمت پہ نظر تو
بنتا اُسی کا میابی — اللہ تیری...
وہ ہے سارے جہاں کا والی
غم کیا تجھ کو خدا تیرے ساتھ ہے
موت اور زندگی اُسی کے ہاتھ ہے
اُسکی شان نرالی — اللہ تیری...
وہ ہے سارے جہاں کا والی

گانا نمبر ۲

لتا —
سانوریا تمہاری نظر لاگے پیاری
ایک تو تیرے نینا رسیلے ہو نینا رسیلے
دوجے مارے کٹاری ہو نظر لاگے پیاری — سانوریا...
م کوئی عاشق ہے ادا پر کوئی قربان ناز پر
ہم ہیں قربان تیری نظروں کے حسین انداز پر
ہو نظر لاگے پیاری — سانوریا...
ل کیا غرض جام سے کیا واسطہ مینا سے

ہم تو پی لیں گے تیرے آنکھوں کے پیمانے سے
ہو نظر لاگے پیار عل ---- ما نو رہا۔۔۔
مست نظروں کو جھکا لو کہیں گھائل کوئی ہو جائے نہ
تیری نظروں کو میری نظر لگ جائے نہ --- ہو نظر۔۔۔
آسامنے ہو تو تو ساری عمر کاٹ سکتی ہوں میں
تیری نظروں سے چراغِ دل جلا سکتی ہوں میں ۔ ہو نظر۔

گانا نمبر ۳

یاسمین۔ آج لیلےٰ کو مجنوں کا پیار ملا
دِل کرے یوں یوں

زرینہ۔ ہم کیا جانے کہ ہوتا ہے پیار کیا
ہو دلدار کیا، چھیڑے نہیں یوں یوں

یاسمین:۔ آ پیار کی پہلی ہی نشانی جاگ اٹھے ارماں
لاکھ چھپائے پیار چھپے نا آنکھیں بے ایمان
آنکھیں دِل سے کہیں ذرا جھوم لے، ذرا ناچ لے
دِل کرے لیاں لیوں

کورس:۔ آج لیلےٰ کو مجنوں کا پیار ملا ہو دلدار ملا
دِل کرے یوں یوں

زرینہ:۔ چاند نے بھی آنکھ نہ دیکھی، پردے میں رہا شباب
شرم بنی آنکھوں کی چلمن پلکیں بنی نقاب
میری نظروں کو جھکنے سے پیار ہے۔ ملنے سے عار ہے دِل کرے۔۔
یاسمین:۔ چھپکے چھپکے عشق جو چھیڑے ارمانوں کے تار
آنکھ نہ جانے دِل نہ مانے ۔ بے خبری میں ہو گیا پیار

عدل جہانگیر

اپنی آنکھوں پہ پردہ تو ڈال لے۔ دل کو سنبھال لے
دل کرے یوں یوں

گانا نمبر ۴

چاند ستارے کرتے اشارے ہم ہیں تمہارے تم ہو ہمارے
آ دلالیں ہم تم لگا ہیں۔ تم ہمیں چاہو ہم تمہیں چاہیں
پیار بھرا دل تم کو پکارے۔ ہم ہیں تمہارے تم ہو ہمارے
چاند ستارے کرتے....
یوں ہی مسکرائیں ہماری وفائیں۔ رہ رہ کے آئیں لب پہ دعائیں
کبھی نہ جدا ہوں محبت کے مارے
ہم ہیں تمہارے تم ہو ہمارے۔ چاند ستارے کرتے....

گانا نمبر ۵

رفیعہ

دیکھو جاتا ہے کوئی غم کا سہارا لے کر
اپنے کندھوں پر محبت کا جنازہ لے کر
اپنا ہی گھر لٹانے دیوانہ جا رہا ہے
خود شمع کو بجھانے پروانہ جا رہا ہے
یہ بھی نظارہ دیکھو او پیار کرنے والو
اک آنسوؤں سے ڈوبا افسانہ جا رہا ہے ۔۔۔ اپنا ہی گھر....
خاموش ہے محبت فریاد رو رہی ہے
اپنا ہی آج بنکر بیگانا جا رہا ہے ۔ اپنا ہی گھر....

گانا نمبر ۶

طلعت محمود

یہ میری زندگی مجھے ڈھونڈوں کہاں
نہ تو جل کے گئے نہیں چھوڑا نشاں

نہ وہ لیلےٰ رہی نہ وہ محل رہا
پاس منزل کے آ کے لٹا کارواں — یہ میری زندگی ...
یہ ستارے نہیں غم کے آنسو ہیں یہ
رو رہا ہے میرے حال پر آسماں — یہ میری زندگی ...
تم سے ملتے ہی مستی میں کھو گئے تھے ہم
آنکھ کھلی تو اُجڑا ہوا تھا جہاں — یہ میری زندگی ..

گانا ۱۲

بھول نہ جانا اُلفت کر کے رہ نہ جائیں آئیں بھر کے
آجا دلربا میرے دلربا ہو دلربا
ہو دلربا - میرے دلربا ہو
ہے چاند حسیں اور رات جواں آ میرے دلبر تو کہاں
جامِ محبت دے بھر بھر کے رہ نہ جائے آئیں بھر کے
ہو آجا دلربا - میرے دلربا - دلربا ہو
آ ہم کھیلیں ناچے گائیں جشن عشق کے ملے مل جائیں
کس کو پیار ملا ڈر ڈر کے رہ نہ جائیں آئیں بھر کے
آجا دلربا ہو - دلربا ہو
بھول نہ جانا اُلفت کر کے ...
آجا لے لوں تیری بلائیں بیٹھ لئیں پھر آئیں نہ آئیں
دلبر پیار کریں دل بھر کے - رہ نہ جائیں آئیں بھر کے - ہو
آجا دلربا - میرے دلربا ہو
دلربا ہو - دلربا ہو - بھول نہ جانا اُلفت کر کے
سنو کہاں سے صدا یہ آئی - کس نے چھیڑا سازِ جدائی

بھُول نہ جانا وعدہ کرکے...

گانا نمبر ۸

اے میری زندگی تجھے ڈھونڈوں کہاں — تلاش

نہ تو مل کے گئے نہ ہی چھوڑا نشاں

مسافر نے جا تجھے وادیٔ موت میں

یہ بھی کیا زندگی تو کہاں میں کہاں — اے میری...

نہ تو مل کے گئے نہ ہی چھوڑا نشاں

نہیں مہندی صنم یہ ہے خونِ جگر

دیکھی ہوگی بھلا ایسی دولہن کہاں — اے میری...

نہ تو مل کے گئے نہ ہی چھوڑا نشاں

سُن رہا ہے تو کیا یہ خوشی کی صدا

آرہا ہے میری موت کا کارواں — اے میری...

نہ تو مل کے گئے نہ ہی چھوڑا نشاں

(ختم شد)

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے کہ کس طرح ایک غریب انسان تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ۔ جاپان۔ کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے سینکڑوں شہابنا بنے نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پاؤڈر۔ اور روزمرہ زندگی میں کام آنیوالی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بیچنے کے بہترین طریقے درج ہیں گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزاروں بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر مالدار بنا چکی ہے۔

قیمت صرف 3/-/- محصولڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانے والی سب سے بہترین کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بش شرٹ۔ لیڈیز کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا۔

قیمت صرف 3/-/- محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے۔ مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن نیو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھاپے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گھر ایک من مانا کپڑا سلوایا سکتا ہے۔ ہر درزی ٹیلر کے پاس اس کا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف ۱۲/۸ محصولڈاک معاف

ملنے کا پتہ رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں شیاما۔ کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ زینا۔ نمی۔ جینتی مالا۔ ریحانہ۔ شمیم۔ نیتا ماہ۔ اوشا کرن۔ اور اشوک۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ کشور کمار۔ پردیپ کمار۔ راج کپور۔ بھارت بھوشن وغیرہ وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور دنیا آپکو بھول جاتی ہے۔

قیمت صرف ۱/-۲ محصول ڈاک معاف

بغیر استاد کے چند دنوں میں ہارمونیم سکھانے والی کتاب

فلمی ہارمونیم گائیڈ

موجودہ زمانے میں جتنا ہارمونیم کو پسند کرتے ہیں۔ کسی دوسری چیز کو نہیں۔ اور یہ فلمی گانوں پر بجانا بہت ہی پسند کیے جاتے ہیں۔ اسلئے قابل مصنف نے اس کتاب کے اندر تمام مشہور گانے جمع کیے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸/- محصول ڈاک معاف

فلمی پرستان

یہ وہ لاجواب فلمی کتاب ہے جو زر کثیر خرچ کرکے تیار کرائی گئی ہے اسمیں ایک سو فلموں کے پورے گانے درج کیے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شوقین احباب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں در در بھٹکنا نہیں پڑیگا۔

قیمت صرف ۳/۱ محصول ڈاک معاف

(ملنے کا پتہ) ارجن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی